11-07-2026

09:25 am

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں عمر مختار

امرناتھ یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے پہلے 8دنوں میں درشن کرنے والے یاتریوں کی تعداد نے 2لاکھ کاہندسہ پارکرکے ایک بڑاسنگ میل طے کیاہے۔

اس بارے میں ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے کہا ہے کہ اتنی بڑی تعدادبابابرفانی کے تئیں شردھالوؤں کے عقیدے کی عکاسی کرتی ہے۔اس دوران آج بھی بال تل اور چندن واڑی کے راستے سے کئی ہزار یاتری گپھا کی طرف روانہ ہوئے ۔

ادھر جموں سے آج علی الصبح یاتریوں کا 10وانجتھہ بھی وادی کی طرف روانہ کیاگیاہے۔

ایل جی یاترا

اسی دوران لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انتظامیہ، شری امرناتھ جی شرائن بورڈ، پولیس، فوج، نیم فوجی دستوں، اور دیگر متعلقہ اداروں کے اشتراک سے یاترا کے پُرامن،محفوظ اور احسن انعقاد کیلئے جامع انتظامات کئے گئے ہیں۔ بال تل بیس کیمپ کا دورہ کرکے شری امرناتھ جی یاترا کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے ایل جی نے وہاں موجود یاتریوں سے ملاقات بھی کی۔

لیفٹیننٹ گورنر نے رہائش، صفائی، طبی سہولیات اور دیگر بنیادی انتظامات کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ بال تل اور چندن واڑی میں قائم سو/سو بستروں پر مشتمل اسپتال یاتریوں کو معیاری طبی خدمات فراہم کررہے ہیں

............LG Byte........

سی ایم

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر میں کشمیر میراتھن کے تیسرے شمارے کیلئے آفیشل برینڈنگ کی نقاب کشائی کی ہے۔

آفیشل برینڈنگ کی نقاب کشائی کے ساتھ ہی مذکورہ میراتھن کارجسٹریشن پورٹل بھی کھل گیا۔واضح رہے کہ یہ مراتھن اکتوبر کے مہینے میں منعقد ہوگی۔

اسی دوران خدمت سینٹر ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے عمرعبداللہ سے ملاقات کی۔

وفد کے ارکان نے وزیر اعلیٰ کو خدمت مراکز کے کام کاج اور لوگوں کو ان مراکز کے ذریعے فراہم کی جارہی خدمات کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔

MBBS

جموں کشمیر میں ایک اہم پیش رفت کے تحت طب کے شعبے میں تعلیم کے فروغ کے لئے کے لئے 50سیٹوں کے اضافے کا اعلان کیاگیاہے۔MBBS گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگرمیں

سرینگر مینرواں تعلیمی سیشن سے GMC نے اس سلسلے میںNMC نیشنل میڈیکل کونسل کی موجودہ 200نشستوں کو250کرنے کی منظور ی دی ہے۔MBBS ہی

کتاب جانچ

جموں کشمیر سرکار نے حال ہی میں سامنے آئے واقعہ کے تناظر میں تعلیمی اداروں میں درسی کتابوں اور دیگر مواد کی جانچ کیلئے ایک طریقہ کار وضع کیاہے۔

ان ضابطوں کے مطابق ایک منظم ادارہ جاتی فریم ورک کے ذریعے تدریسی جانچ اور مواد کی تصدیق کیلئے وقتاً فوقتاً سبھی سکولوں ، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں کتابوں اور دیگر مطالعاتی مواد کا جائزہ لیا جائے گا۔

پشوپالن

محکمہ زرعی پیداوار میں تکنیکی سیکریٹری جی اے صوفی نے پشوپالن اور بھیڑ پالن کے شعبہ میں کشمیر خطے کے کسانوں کے لئے خدمات کی فراہمی اور محکمہ جاتی سکیموں کی عمل آوری میں بہتری لانے پر زور دیاہے۔

کشمیر صوبے کے محکمہ پشو پالن کی کارگزاری کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ سبھی سکیموں اور پروگراموں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کیلئے رقومات کے تصرف میں تیزی لائیں۔

مختصر خبریں

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے ضلع بھر میں آیوش طبی خدمات کی فراہمی کے لئے قومی آیوش مشن کی سرگرمیوں کی کامیاب عمل آوری یقینی بنانے کے لئے اس مقصد کی خاطر بین محکمہ جاتی تال میل اور متواتر نگرانی پر زور دیاہے۔

ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ کی جانب سے نشہ مکت جموں کشمیرابھیان کے تحت ' ماں سے گفتگو' کے موضوع سے ایک جانکاری پروگرام منعقد کیاگیا جس میں مقامی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

ادھر گورنمنٹ ڈگر کالج زینہ پورہ شوپیان میں بھی منشیات سے چھٹکارا پانے کی غرض سے ایک بڑے جانکاری پروگرام کا انعقاد کیاگیا۔

مودی نیوزی لینڈ

بھارت اور نیوزی لینڈ نے دفاع، سیاحت، کھیل اور آفات سے نمٹنے کے بندوبست کے شعبوں میں پانچ اہم مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں جس سے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں ایک نئی لچک آنے کی توقع ہے۔

یہ مفاہمت نامے وزیراعظم نریندر مودی اور نیوزی لینڈ کے ان کے ہم منصب Christopher Luxon کے درمیان آکلینڈ میں منعقدہ وفدی سطح کی بات چیت کے بعد طے پائے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ